www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

...دی فیوض الرحمان ایم۔اے

جناب مولانا محمد بن عبداللہ المعروف بہ جیون بن نور الدین پکھلوی

۱۲۸۶ ——————— ۱۳۶۶ھ

آپ ۱۲۸۶ھ کے قریب نور الدین صاحب کے گھر "پکھلی" تحصیل مانسہرہ ہزارہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے علاقہ کے علماء سے حاصل کی، تکمیل علامہ حسین بن محسن انصاری یمانیؒ سے کی۔ فراغت کے بعد حیدر آباد دکن کو اپنا مسکن بنایا اور علمی خدمات سرانجام دینے لگے۔ وہیں ۸۰ سال کی عمر میں ۱۳۶۶ھ میں آپ کا وصال ہوا۔

وہاں آپ کی اولاد اور پوتے وغیرہ موجود ہیں جن کی تفصیل معلوم نہیں ہو سکی۔

تصنیفی خدمات | آپ صاحب تصنیف عالم ہو گزرے ہیں، مولانا محمد صدیق بن عبدالعزیز آپ کی لکھی ہوئی ابن ماجہ کی شرح مفتاح الحاجۃ (مطبوعہ لاہور باہتمام ادارہ احیاء السنۃ النبویہ، ڈی بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا) کے مقدمہ میں آپ کا یوں تعارف کرواتے ہیں۔

کنیتہٗ ابو الفضل واسمہ محمد بن عبد اللہ المعروف بجیون بن نور الدین الفنجابیؒ کان اصلہ من بلاد پکلی من بلاد ھزارہ، وکان رجلا صالحا، عالما متبحرا وفاضلا محققا، قد عاش فی حیدر آباد (دکن) وعمر عمرًا طویلاً حتی قرب ثمانین سنۃ او جاوزھا، ویعمل بیدہ ویصرف اکثر اوقاتہ تصنیف کتب الدینیۃ واشاعتھا ومات بہ فی حدود سنۃ ست وستین بعد الالف وثلاث مائۃ تقریبًا، ولہ بہ اولاد واحفاد۔

واخذ عن المحدث الشھیر حسین بن محسن انصاری الیمانی کما ذکر المحشی فی مقدمۃ مفتاح الحاجۃ وذکر سند الکتاب بطریقہ الی ابن ماجہ۔

ومن تصانیفہ: ترجمۃ مسند الامام احمد بالھندیۃ وعجائب البیان فی لغات القرآن مع تفسیر المنات ونجوم الفرقان، واللغۃ العربیۃ ترجمھا بالھندیۃ، وعون الودود شرح ابی داؤد، عثمان البیان فی سیرۃ النبی آخر الزمان، والسیف المسلول فی اثبات غلط الرسول، ومفتاح الحاجۃ شرح ابن ماجہ طبع ھذا الشرح علی ھوامش الکتاب باصح المطابع

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

بلکھنؤ من بلاد الھند فی سنۃ خمس عشر وثلاث مائۃ والف من الھجرۃ اولا فی حیاۃ المحشی وثانیا فی الجمادی الاولیٰ سنۃ ۱۳۹۴ھ من ادارۃ احیاء السنۃ النبویۃ، ڈی بلاک سیٹلا ئیٹ ٹاؤن سرگودھا۔ آپ بڑے صالح، متبحر عالم اور فاضل محقق تھے...... آپ کی تصانیف میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔ (خط کشیدہ عربی الفاظ قابلِ توجہ ہیں) ــــ مدیر

۱۔ ترجمہ اردو مسند الامام احمد۔ ۲۔ عجائب البیان فی لغات القرآن مع تفسیر المنان وعلوم الفرقان

۳۔ "عربی زبان" اور اس کا اردو ترجمہ۔ ۴۔ عون الودود شرح ابی داؤد۔

۵۔ عثمان البیان فی سیرۃ النبی اخر الزمان۔ ۶۔ السیف المسلول فی اثبات خط الرسول ﷺ

۷۔ مفتاح الحاجۃ شرح ابن ماجۃ۔

آخری کتاب کی تصنیف سے ۱ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۱۲ھ کو فراغت پائی جو اصح المطابع لکھنؤ سے سنہ ۱۳۱۵ھ کو پہلی بار طبع ہوئی، اب سنہ ۱۳۹۴ھ میں دوسری بار سرگودھا والوں نے اسے لاہور سے شائع کیا ہے۔

مدارس دینیہ میں شامل نصاب کتب کے مصنفین کی سوانح حیات اور ان کی علمی خدمات معلوم کرنے کے لیے اختر راہی کے قلم سے لکھی ہوئی کتاب

"تذکرۂ مصنفین درسِ نظامی"

کا مطالعہ فرمائیں

اچھوتے انداز میں پہلی تاریخی دستاویز

جس میں تقریباً سو کتب کی ورق گردانی کے بعد ایسے حقائق درج کیے گئے ہیں جن سے معلمین اور متعلمین بالکل ناآشنا تھے اس موضوع پر

• اساتذہ اور طلبا کے لیے معلومات کا خزینہ
• لائبریریوں اور کتب خانوں کے لیے گرانقدر علمی اضافہ

سائز = ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات = ۲۷۲

قیمت = صرف چھ روپے ڈاک خرچ ۹۰ پیسے

ملنے کا پتہ

مسلم اکادمی ۲۹/۱۸ محمد نگر لاہور

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ